SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۲۰۰۵

# SINDH ACT NO.I OF 2005

## سندھ خاص معاون (تقرری، اختیارات، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۲۰۰۳

## THE SINDH SPECIAL ASSISTANTS (APPOINTMENTS, POWERS, FUNCTIONS, SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 2003

## (CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ تعریف

Definitions

۳۔ اثرانداز ہونا

Overriding effect

۴۔ تقرری اور آفیس کی مدت

Appointment and term of office

۵۔ تنخواہ

Salary

۶۔ ذاتی خرچہ کا الاؤنس

Sumptuary Allowance

۷۔ ٹرانسپورٹ

Transport

۸۔ سرکاری رہائش

Official Residence

۹۔ مسافری الاؤنس

Traveling allowance

۱۰۔ سرٹیفکیٹ کا فارم
Form of Certificate
۱۱۔ہوائی حادثے کی صورت میں ادائگی
Compensation in case of air accident
۱۲۔ رازانہ الاؤنس
Daily Allowance
۱۳۔کنٹرولنگ آفیسر
Controlling officer
۱۴۔طبی سہولیات
Medical Facilities
۱۵۔چھٹی
Leave
۱۶۔ ذاتی عملہ
Personal Staff
۱۷۔ عام
General
۱۸۔ ٹیلیفون
Telephone
۱۹۔ دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred
۲۰۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

# سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۲۰۰۵

# SINDH ACT NO.I OF 2005

## سندھ خاص معاون (تقرری، اختیارات، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۲۰۰۳

## THE SINDH SPECIAL ASSISTANTS (APPOINTMENTS, POWERS, FUNCTIONS, SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) ACT, 2003

[۲۸ فروری ۲۰۰۵]

ایکٹ جس کے ذریعے وزیراعلیٰ سندھ کے خاص معاونین کی تقرری کرنے، اختیارات، کام، تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات کے حوالے سے

طے کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کے وزیراعلیٰ سندھ کے خاص معاونین کی تقرریوں، اختیارات، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات دینا مقصود ہیں؛

اس کو اس طرح بنا کر عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔(۱)اس ایکٹ کو سندھ خاص معاون (تقرری، اختیارات، کام، تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۲۰۰۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور اور پہلی جنوری ۲۰۰۳ پر اور اس کے بعد نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مفہوم یا مضمون کے متضاد نہ ہو، مندرجہ ذیل اظہارات کی معنی اس طرح ہوگی، جیسے مندرجہ ذیل ترتیبوار دی گئی ہے:

(a)"چیف منسٹر" سے مراد وزرعلیٰ سندھ؛

(b)"خاندان" سے مراد گھروالی بچے جو مکمل طور پر ساتھ رہتے ہوں اور خاص معاون پر مکمل طور پر نربھر ہوں؛

(c)"حکومت" سے مراد حکومت سندھ؛

(d)"منٹننس" سے مراد رہائش کے سلسلے میں اس میں شامل ہے مقامی نرخوں پر ادائگی، ٹیکس اور بجلی، پانی اور گیس کی فراہمی؛

(e)"سرکاری رہائش" سے مراد وہ گھر جو وقتاً فوقتاً خاص معاون کی طرف سے رہائش کے لیئے استعمال کیا جائے اور جس میں آوٹ ہاؤسز اور گارڈن اپاٹمنٹس بھی شامل ہیں؛

(f)"بیان کردہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد کے تحت بیان کردہ؛ اور

(g)"خاص معاون" سے مراد وہ فرد جو اس ایکٹ کے تحت وزراعلیٰ کے خاص معاون کے طور پر مقرر کیا جائے۔

اثرانداز ہونا
Overriding effect

۳۔اس ایکٹ کی گنجائشیں تب تک موثر نہیں ہوں گی، جب تک کچھ کسی دوسرے قانون، وقتی

تقرری اور آفیس کی مدت
Appointment and term of office

طور پر نافذ یا کسی عدالت کے فیصلے، حکم یا ڈکری کے متضاد نہ ہو۔

۴۔(۱)وزریراعلیٰ اپنی صوابدید میں وقتاً فوقتاً ایسی تعداد افراد کی خاص معاون کے طور پر مقرر کر سکتا ہے، جیسے وہ مناسب سمجھے، اگر وزیراعلیٰ کی رضامندی سے عہدہ رکھ سکے گا۔

(۲)خاص معاون ایسے سارے اختیارات استعمال کریں گے، جو ان کو منتقل کیئے جائیں اور ایسے کام سرانجام دیں گے، جو وزیراعلیٰ کی طرف سے ان کو سونپے جائیں گے۔

تنخواہ
Salary

۵۔خاص معاون کی تنخواہ پندرہ ہزار روپے ماہانہ ہوگی۔

ذاتی خرچہ کا الاؤنس
Sumptuary Allowance

٦۔خاص معاون ذاتی خرچہ الاؤنس طور پر تین ہزار ماہانہ حاصل کرے گا۔

ٹرانسپورٹ
Transport

۷۔ وزیراعلیٰ کے خاص معاون کو ایک سرکاری کار عہدہ کی مدت کے دوران استعمال کے لیئے دی جائے گی اور اس سے ۱۵ دن کے بعد فوری طور؛ بشرطیکہ وزیراعلیٰ بدعنوانی کی بنیاد پر عہدہ سے ہٹائے گئے خاص معاون سے وہ سہولیت واپس لے سکتا ہے۔

سرکاری رہائش
Official Residence

۸۔ (۱)ایک خاص معاون کو بغیر کرائے کی ادائگی کے سرکاری رہائش استعمال کے لیئے دی جائے گی بشمول ساری مدت کے دوران دوروں پر اکوموڈیشن کے اور اس سے شروعاتی پندرہ دن تک اور اس کی مرمت کی ادائگی بشمول بجلی اور گیس کی ادائگیوں کے حکومت برداشت کرے گی، جس کی قیمت صرف ساٹھ ہزار روپے ایک عہدے کی مدت کے دوران فقط ساٹھ ہزار روپے ایک عہدے کی مدت کے دوران فقط ایک مرتبہ کے لیئے ہوں گے۔

مسافری الاؤنس
Traveling allowance

(۲)جہاں خاص معاون رہنے کا انتخاب کرے:
(i)اپنے ذاتی گھر میں؛ یا
(ii)اس کے خاص معاون کے طور پر مقرر سے پہلے کرائے کے گھر میں؛
اس کو دس ہزار روپے ماہانہ سرکاری طور پر فراہم کیئے جائیں گے اور اس رہائش کی منٹننس کے سارے اخراجات برداشت کیئے جائیں گے۔ اس رہائش کی بجلی اور گئس کی ادائگیوں کے سلسلے میں وہ اخراجات حکومت برداشت کرے گی۔
۹۔ (۱)اس سلسلے میں تشکیل دی گئی گنجائشوں کے تحت ایک خاص معاون کو سرکاری فرض کے لیئے مسافری کے دوران فرسٹ گریڈ آفیسر کے جیسا برتاؤ کیا جائے گا۔
(۲)ایک خاص معاون، اگر عوامی مفاد میں ہو تو ہوائی سفر کر سکتا ہے، اس صورت میں اس کو مندرجہ ذیل سہولیات دی جائیں گی:
(a)اکانومی کلاس کا ہوائی جہاز کا کرایا دیا جائے گا؛
(b)ذاتی سامان جس کا وزن چالیس کلوگرام تک ہو، اس کا کرایا بشمول ایئر کمپنی کی طرف سے دیئے جانے والا فری الاؤنس کے، وہ بھی دیا جائے گا؛

سرٹیفکیٹ کا فارم
Form of Certificate

(c)خود کو ہوائی سفر کے لیئے ادا کردہ ایکچوئل پریمیم کی دعویٰ کر سکے گا، جس کی رقم ایک لاکھ روپے سے زائد نہ ہوگی۔

ہوائی حادثے کی صورت میں ادائگی
Compensation in case of air accident

(۳)ایک خاص معاون جو سرکار کی طرف سے سونپے گئے کام کے لیئے ریل کے ذریعے پاکستان کے اندر سفر کرے گا، اس کو مندرجہ ذیل سہولیات دی جائیں گی:
(a)حکومت کے خرچہ پر:
(i)ایک عام فرسٹ کم سیکنڈ کلاس کیریج یا ایک "بی" کلاس ٹورسٹ کار یا ایک "اے" کلاس

ٹورسٹ کار، اگر "بی" کلاس ٹورسٹ کار دستیاب نہیں؛ یا
(ii)اگر مندرجہ بالا (i)میں بیان کردہ گاڑیاں دستیاب نہیں ہیں، یا ان کی طلب نہیں کی گئی تو چار برتھ والا فرسٹ کلاس کمپارٹمنٹ یا دو برتھ والا ایئرکنڈیشنڈ (کوپ) کمپارٹمنٹ؛
(۴)جب ایک خاص معاون سرکاری طور پر دیئے گئے کام کے لیئے عوامی مفاد میں روڈ کے رستے ایسی جگہوں کے درمیاں سفر کرتا ہے، جو ریل کے ذریعے جڑے ہوئے ہیں اور وہ روڈ کے رستے جانے کا انتخاب کرتا ہے تو اس کو ذیلی دفعہ (۳) میں بیان کردہ مراعات دی جائیں گی، وہ ایسی گاڑی میں سفر کرتا ہے، جو حکومت کی مالکی یا دیکھ بھال میں نہ ہو، اس کے لیئے لے سکتا ہے:

روزانہ الاؤنس
Daily Allowance

(a)وقتی طور پر ملنے لائق سفری الاؤنسز۔
۱۰۔مسافری یا روزانہ الاؤنس کی ہر دعویٰ خاص معاون کی طرف سے تحریری طور پر سرٹیفکیٹ کی صورت میں کی جائے گی، جو اس کی طرف سے دستخط شدہ ہوگی:

کنٹرولنگ آفیسر
Controlling officer

طبی سہولیات
Medical Facilities

"تصدیق کیا جاتا ہے کہ ایسی رقم دوسرے بلوں کی صورت میں میری طرف سے دعویٰ نہیں کی گئے ہے یا دوسرے کسی وسیلی کے ذریعے میری طرف سے نہیں نکلوائی گئی ہے۔"۔

چھٹی
Leave

۱۱۔ (۱) اگر خاص معاون سرکاری ڈیوٹی پر ہوائے رستے کسی فلائیٹ، جو شیڈولڈ ہو یا ان شیڈولڈ (بشمول حکومت کی مالکی میں کسی بھی قسم کے ایئر کرافٹ کی فلائیٹ کے) وہ کسی حادثے میں فوت ہو جاتا ہے یا زخمی ہوتا ہے تو حکومت ذیلی دفعہ (۲)میں بیان کردہ افراد کو فوتگی کی صورت میں تین سو ہزار روپے کی ادائگی کرے گی اور زخمی ہونے کی صورت میں اسی قسم کی کیسوں میں حکومت انشورنس

ذاتی عملہ
Personal Staff

عام
General

کمپنیوں کی طرف سے نافذ رعایت کے معیاروں کے تحت رقم طے کرے گی۔
(۲)خاص معاون کو زخمی ہونے کی صورت میں اور فوتگی کی صورت میں رعایت واجب الادا ہوگی، اس کے خاندان کے کسی بھی میمبر یان میمبران، یا اگر وہاں ایسا کوئی میمبر نہ ہو، دوسرا کوئی فرد یا دوسرے افراد جو اس طرح اس کے طرف سے نامزد کیئے گئے ہوں، یا ایسی نامزدگی کی غیر موجودگی میں ان کے ورثاء کو:
بشرطیکہ نامزد کردہ اس کی طرف سے حاصل کردہ رقم فوتی کے ورثاء میں تقسیم کرے گا۔
(۳)ذیلی دفعہ (۲) کے تحت ایک نامزدگی خاص معاون کی طرف سے تحریری طور پر دستخط شدہ نوٹیس کے ذریعے کی، ختم کی یا تبدیل کی جائے گی۔

ٹیلیفون
Telephone

۱۲۔خاص معاون، اگر سرکار کی طرف سے دیئے گئے ٹور پر ہو، وہ تین سو روپے روزانہ کے حساب سے روزانہ الاؤنس حاصل کرے گا:
بشرطیکہ ایسے ٹور کی مدت آٹھ گھنٹے سے کم ہو تو روزانہ الاؤنس کا آدھا اس کو دیا جائے گا۔

دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred

۱۳۔ خزانے والا وزیر مسافری الاؤنس کے مقاصد کے لیئے خاص معاونین کا کنٹرولنگ آفیسر ہوگا۔

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۱۴۔خاص معاون کو اسپیشل میڈیکل اٹینڈنس رولز، ۱۹۵۰ کے تحت طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔
۱۵۔ (۱) وزیراعلیٰ خاص معاون کو اس کے عہدے کی مدت کے دوران کسی بھی وقت یا وقتاً فوقتاً غیر حاضری کی چھٹی دی سکتا ہے، صحت کے ہنگامی سبب کی وجہ سے یا نجی معاملات کی وجہ سے ایسے وقت کے لیئے اگر عرصہ تین ماہ سے زائد نہ ہو۔
(۲)خاص معاون کی چھٹی کا الاؤنس اس کی

تنخواہ کے برابر ہوگا۔
۱٦۔خاص معاون، ماسوائے اس کے جب وہ چھٹی پر ہو، اس کو ایسا ذاتی عملہ حکومت کی طرف سے فراہم کیا جائے گا۔
۱۷۔(۱) سارے موزوں اقدام لیئے جائیں گے کہ خاص معاون کو فراہم کردہ رہائشگاہ، ٹرانسپورٹ اور فرنیچر خاص معاون ایسی حفاظت سے استعمال کیا ہے، جیسے کوئی شخص اپنی جائیداد کی حفاظت کرتا ہے۔
(۲)سرکاری رہائشگاہ میں فراہم کردہ سارے فرنیچر اور سامان کو ورکس اور سرورسز محکمہ کی طرف سے پہچان کے مقصد کے لیئے نشان لگائے جائیں گے۔
(۳)اگر ایک خاص معاون سرکاری رہائشگاہ میں رہتا ہے، وہ بیان کردہ محکمہ کے متعلقہ عملدار کی ذمیداری ہوگی کہ وہ رہائشگاہ میں موجود فرنیچر اور سامان کی ذمیداری خاص معاون یا اس کی طرف سے تحریری طور پر مجاز بنائے گئے کسی شخص کے حوالے کرے اور ایسے عملدار کی طرف سی ایسی گواہی پر دستخط کی جائے گی۔
(۴)جب ایک خاص معاون سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے والا ہے تو وہ مذکورہ محکمہ کے متعلقہ عملدار ہو مطلع کرے گا اور سرکاری رہائشگاہ کے فرنیچر اور سامان کی عملدار کو حوالگی کا انتظام کرے گا اور ایسی گواہی بنا کر اور اس پر دستخط کرے گا۔
۱۸۔خاص معاون کو آفیس میںایک سرکاری ٹیلیفون اور رہائشگاہ پر ایک سرکاری ٹیلیفون، دونوں سرکاری اور خانگی مقاصد کے لیئے فراہم کی جائیں گی۔
بشرطیکہ رہائشگاہ پر لگائی گئی ٹلیفون کا خرچہ ایک ہزار لوکل کالز سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

۱۹۔جیسے اس ایکٹ میں تحفظ دیا گیا ہے، اس ایکٹ کے تحت کیا گیا کوئی حکم یا کارروائی، یا حکومت کی طرف سے تشکیل دیئے گئے قواعد پر کسی عدالت میں کوئی سوال نہیں اٹھایا جائے گا اور اس اور اس ایکٹ کے تحت کیئے گئے کسی فیصلے یا اس سلسلے میں ملے ہوئے اختیارات کے تحت کسی کارروائی، یا اس سلسلے میں تشکیل دیئے گئے قواعد کے سلسلے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔

۲۰۔حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹیکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**